Please check the examination details below before entering your candidate information

| Candidate surname | Other names |
|---|---|
| | |

Pearson Edexcel
Level 1/Level 2 GCSE (9–1)

Centre Number | Candidate Number

# Wednesday 15 May 2019

Morning (Time: 1 hour 5 minutes) | Paper Reference **1UR0/3H**

# Urdu

## Paper 3: Reading and understanding in Urdu

**Higher Tier**

**You do not need any other materials.**

Total Marks

## Instructions

- Use **black** ink or ball-point pen.
- **Fill in the boxes** at the top of this page with your name, centre number and candidate number.
- Answer **all** questions in sections A, B and C.
- Questions in Section A and C are set in English.
- Questions in Section B are set in Urdu.
- Answer the questions in the spaces provided – *there may be more space than you need.*
- You must **not** use a dictionary.

## Information

- The total mark for this paper is 50.
- The marks for **each** question are shown in brackets
  – *use this as a guide as to how much time to spend on each question*
  – *you should spend approximately 15 minutes on the translation question.*

## Advice

- Read each question carefully before you start to answer it.
- Try to answer every question.
- Check your answers if you have time at the end.

*Turn over* ▶


©2019 Pearson Education Ltd.
1/1/1/1/1/1/1/1/1/

P 6 0 2 9 4 A 0 1 2 0

Pearson

## SECTION A

**Answer ALL questions. Write your answers in the spaces provided.**

**Some questions must be answered with a cross in a box ☒. If you change your mind about an answer, put a line through the box ☒ and then mark your new answer with a cross ☒.**

**From hobby to profession**

**1** Read what Imran wrote about his sister in a blog.

میری بڑی بہن بچپن سے ہی اچھے کپڑے پہنتی تھیں۔ جب وہ کالج میں پڑھتی تھیں تو خود اپنے کپڑوں کی سلائی بھی کرتی تھیں۔ یہ صرف ان کا شوق تھا ورنہ کالج میں تو وہ تاریخ کا مضمون پڑھ رہی تھیں۔ گھر والوں کے علاوہ ان کی کچھ سہیلیاں بھی ان سے کپڑے سلوانے لگیں۔ جلد ہی دوسرے لوگوں نے بھی پیسے دے کران سے کپڑے سلوانا شروع کر دیے۔ اب میری باجی کا ایک بہت بڑا کپڑوں کا بوتیک ہے اور انھوں نے اپنے شوق کو کاروبار بنا لیا ہے۔

Answer the following questions **in English**.

(a) What was his sister's hobby?

**(1)**

.......................................................................................................................................................

(b) What was she studying at college?

**(1)**

.......................................................................................................................................................

(c) Where does she work now?

**(1)**

.......................................................................................................................................................

**(Total for Question 1 = 3 marks)**

DO NOT WRITE IN THIS AREA DO NOT WRITE IN THIS AREA DO NOT WRITE IN THIS AREA

حاجی صاحب۔ رشید احمد صدیقی کی تحریر سے اقتباس

**2** Read the extract from the text. Abid Ali is talking about Haji Sahib.

حاجی صاحب کتابیں لکھتے ہیں اور بسکٹ بیچتے ہیں۔ کتابیں اور بسکٹ دونوں تازے۔عابد علی کا کہنا ہے کہ حاجی صاحب جتنی اچھی کتابیں لکھتے ہیں اس سے زیادہ اچھے طریقے سے مہنگے بسکٹ بیچتے ہیں۔ عابد علی نے حاجی صاحب کے بارے میں یہ بات کر کے لوگوں کو حیران کر دیا ہے۔ ویسے تو عابد علی ایک نیک انسان ہیں اور عام طور پر کسی کے بارے میں اس قسم کی گفتگو نہیں کرتے، لیکن یوں لگتا ہے کہ جیسے انھیں حاجی صاحب کی کوئی کتاب زیادہ پسند نہیں آئی۔

Answer the following questions **in English**. You do not need to write in full sentences.

(a) What does Haji Sahib sell? **(1)**

........................................................................................................................................................................................................

(b) What was the public reaction to Abid Ali's statement? **(1)**

........................................................................................................................................................................................................

(c) Why didn't people expect this from Abid Ali? **(1)**

........................................................................................................................................................................................................

(d) Why was Abid Ali annoyed with Haji Sahib? **(1)**

........................................................................................................................................................................................................

**(Total for Question 2 = 4 marks)**

DO NOT WRITE IN THIS AREA DO NOT WRITE IN THIS AREA DO NOT WRITE IN THIS AREA

**An internet chat forum**

**3** Read the blog.

اسلم: میرے خیال میں پاکستان میں پرائیویٹ سکولوں میں تعلیم کا معیار اکثر سرکاری سکولوں سے بہتر ہوتا ہے۔ لیکن پرائیویٹ سکولوں کی عمارت چھوٹی ہوتی ہے جبکہ سرکاری سکولوں میں بڑے بڑے کھیل کے میدان ہوتے ہیں۔

عالیہ: سرکاری سکولوں کی فیس تو تقریباً نہ ہونے کے برابر ہوتی ہے جس کی وجہ سے اساتذہ کی تنخواہ بھی کم ہوتی ہے، جبکہ پرائیویٹ سکولوں کی فیس بہت زیادہ ہوتی ہے۔ غریب لوگ تو اپنے بچوں کو پرائیویٹ سکول میں بھیجنے کے بارے میں سوچ بھی نہیں سکتے۔

واجد: میرے خیال میں پرائیویٹ سکولوں کو گرمیوں کی چھٹیوں میں بچوں سے فیس نہیں لینی چاہیے۔اس سے والدین پر بوجھ بھی کم پڑے گا اور مزید بچے اچھی تعلیم حاصل کر سکیں گے۔

Answer the questions **in English**. You do not need to write in full sentences.

(a) Who wrote about the teacher's salary?

**(1)**

........................................................................................................................................

(b) Who wrote about sports facilities in government schools?

**(1)**

........................................................................................................................................

(c) Why can't poor people send their children to private schools?

**(1)**

........................................................................................................................................

(d) What has Wajid suggested?

**(1)**

........................................................................................................................................

(e) What is Aslam's opinion regarding private schools?

**(1)**

........................................................................................................................................

**(Total for Question 3 = 5 marks)**

DO NOT WRITE IN THIS AREA DO NOT WRITE IN THIS AREA DO NOT WRITE IN THIS AREA

BLANK PAGE
QUESTION 4 BEGINS ON THE NEXT PAGE

DO NOT WRITE IN THIS AREA
DO NOT WRITE IN THIS AREA
DO NOT WRITE IN THIS AREA

## پیر و مرشد-کنہیا لال کپور سے اقتباس

**4** Read the extract from the literary text. In this extract Kanhaiya Lal Kapoor pays tribute to his teacher Pitras Bukhari.

پطرس میرے استاد تھے۔ ان سے پہلی ملاقات تب ہوئی، جب گورنمنٹ کالج لاہور میں ایم اے انگریزی میں داخلہ لینے کے لیے ان کی خدمت میں حاضر ہوا۔ انٹرویو بورڈ تین لوگوں پر مشتمل تھا۔ گھر سے خوب تیار ہو کر گئے تھے کہ سوالات کا بہترین جواب دیں گے۔ پطرس بخاری نے لمبی گفتگو کے بعد بی۔اے میں فرسٹ ڈویژن لینے پر مجھے داخلہ دے ہی دیا۔ دوسرے دن کلاس روم میں گئے۔ بخاری صاحب ان دنوں جوان تھے۔ پینتیس سال کے قریب عمر ہوگی۔

حاضری لیے بغیر لیکچر شروع کیا کرتے، لیکچر سے پہلے اپنے عزیز شاگردوں سے مذاق ضرور کرتے تھے۔

بلراج ان کا عزیز ترین شاگرد تھا۔ اکثر اس سے کہتے تھے ”کیا بات ہے آج کچھ کھوئے کھوئے نظر آتے ہو۔ جانتے ہو جب کوئی نوجوان اداس رہتا ہے تو اس کی اداسی کی صرف دو وجوہات ہوتی ہیں، یا وہ محبت کرنے کی غلطی کررہا ہے یا اس کا بٹوا خالی ہے۔“

Put a cross ☒ in the correct box.

**Example:** Pitras Bukhari was a…

| | |
|---|---|
| ☐ | **A** manager. |
| ☐ | **B** musician. |
| ☐ | **C** singer. |
| ☒ | **D** teacher. |

(i) Which subject did Kanhaiya want to study?

| | |
|---|---|
| ☐ | **A** Urdu |
| ☐ | **B** History |
| ☐ | **C** English |
| ☐ | **D** Arabic |

DO NOT WRITE IN THIS AREA DO NOT WRITE IN THIS AREA DO NOT WRITE IN THIS AREA

DO NOT WRITE IN THIS AREA
DO NOT WRITE IN THIS AREA
DO NOT WRITE IN THIS AREA

(ii) How many members did the interview panel comprise?

| | |
|---|---|
| ☒ | **A** two |
| ☒ | **B** three |
| ☒ | **C** four |
| ☒ | **D** five |

(iii) How old was Pitras Bukhari then?

| | |
|---|---|
| ☒ | **A** 45 years |
| ☒ | **B** 34 years |
| ☒ | **C** 35 years |
| ☒ | **D** 30 years |

(iv) Pitras always started the lecture with…

| | |
|---|---|
| ☒ | **A** anger. |
| ☒ | **B** confusion. |
| ☒ | **C** humour. |
| ☒ | **D** frustration. |

(v) Balraj was his…

| | |
|---|---|
| ☒ | **A** favourite student. |
| ☒ | **B** annoying student. |
| ☒ | **C** naughty student. |
| ☒ | **D** weak student. |

**(Total for Question 4 = 5 marks)**

## Future plans

**5** Read what these young people say about their future ambitions.

**احسن:** میں کالج کے بعد اپنا ذاتی کاروبار کرنا چاہتا ہوں لیکن میرے پاس اس کام کے لیے سرمایہ نہیں ہے۔ میرے والدین اس بات پر خفا ہیں کیونکہ ان کی خواہش ہے کہ میں اپنی تعلیم مکمل کر نے کے بعد ہی کوئی فیصلہ کروں۔

**آمنہ:** ویسے تو مجھے ملازمت کرنے میں کوئی خاص دلچسپی نہیں لیکن ملازمت سے ماہانہ آمدنی میرے لیے ایک پرکشش بات ہے اور میں چاہتی ہوں کہ مستقبل میں کوئی بھی مالی مشکل نہ ہو۔

**عارف:** حکومت ذاتی کاروبار کرنے والوں کی حوصلہ افزائی کے ساتھ ساتھ مالی مدد بھی کرتی ہے۔ اگر کاروبار میں آمدنی کم بھی ہو تو حکومت آپ کو اضافی پیسے دیتی ہے تا کہ آپ اپنے اخراجات پورے کر سکیں۔

**نبیلہ:** میں نے کالج تک تعلیم حاصل کی۔ ملازمت کی بجائے میں نے بجلی کے سامان کی دکان کھولی۔ تیزی سے بدلتی ہوئی ٹیکنالوجی کی وجہ سے مجھے شام کے وقت کالج میں جا کر نئے کورس کرنے پڑے تا کہ میں اپنے کاروبار کو جاری رکھ سکوں۔

DO NOT WRITE IN THIS AREA
DO NOT WRITE IN THIS AREA
DO NOT WRITE IN THIS AREA



P 6 0 2 9 4 A 0 8 2 0

DO NOT WRITE IN THIS AREA DO NOT WRITE IN THIS AREA DO NOT WRITE IN THIS AREA

Who says what about their future plans?

Enter either **Ahsan**, **Amina**, **Arif** or **Nabila** in the gaps below.

**Example**: ______Ahsan______ wants to start his own business in future.

(a) ____________________ says the government encourages you to start your own business. **(1)**

(b) ____________________ runs their own business. **(1)**

(c) ____________________ likes the stability of a regular job. **(1)**

(d) ____________________ does not have money to start their own business. **(1)**

Answer the following questions **in English**. You do not need to write in full sentences.

(e) What is Ahsan's parents' wish? **(1)**

..............................................................................................................................................

(f) What did Nabila do to save her business? **(1)**

..............................................................................................................................................

**(Total for Question 5 = 6 marks)**

**Planning a holiday**

**6** Read the following article.

## سیاحت کے اصول

جس سیاحتی مقام پر آپ جانے کا منصوبہ بنا رہے ہیں وہاں کے متعلق مکمل طور پر جان لیجیے کہ وہاں کیا ہو رہا ہے، کیونکہ ہوسکتا ہے وہاں کے حالات آپ کے لیے موزوں نہ ہوں۔ یہ واقعات خواہ سیاسی ہوں، کوئی جشن ہو، کانفرنس یا پھر کھیل کے مقابلے، اِس قسم کے واقعات آپ کے سیاحتی منصوبے کو متاثر کر سکتے ہیں۔

کسی بڑی تقریب کی وجہ سے آپ کے قیام میں اضافہ ہوسکتا ہے۔ وہاں کی پبلک ٹرانسپورٹ میں بے پناہ رش بھی ہو سکتا ہے اور ممکن ہے کہ سواری آپ کو منزل سے دور چھوڑے، چنانچہ آپ کو پیدل چلنے کے لیے بھی تیار رہنا ہوگا۔

پھر اُس شہر میں قیام مشکل اور مہنگا ہوجاتا ہے۔ وقت سے پہلے یا دیر سے ہوٹل پہنچنے پر شاید کمرہ نہ ملے۔ ہمیشہ ہوٹل انتظامیہ کوبتائیے کہ آپ کب تک آ سکتے ہیں، کیونکہ ممکن ہے کہ وقت پر نہ پہنچنے سے ہوٹل کا کمرہ کسی دوسرے کے حوالے کردیا جائے۔ اگر آپ کے پاس فون بھی نہیں تو حالات اور بھی خراب ہوسکتے ہیں۔

DO NOT WRITE IN THIS AREA
DO NOT WRITE IN THIS AREA
DO NOT WRITE IN THIS AREA

(i) What does this article tell us?

Put a cross ☒ in each one of the **three** correct boxes.

**(3)**

| | | |
|---|---|---|
| **Example** | You may not get accommodation if you arrive late. | ☒ |
| **A** | A planned vacation can end up in stress. | ☒ |
| **B** | Money should be the only priority while planning a vacation. | ☒ |
| **C** | Be aware of the situation while planning holidays there. | ☒ |
| **D** | Contacting the hotel you are staying in is useless. | ☒ |
| **E** | Local transport will be available at all times. | ☒ |
| **F** | Traveling without a phone could make it worse. | ☒ |
| **G** | Different events can prolong your stay there during the holiday. | ☒ |

Answer the following questions **in English**. You do not need to write in full sentences.

(ii) What could happen if you do not inform the hotel about your arrival time?

**(1)**

........................................................................................................................................................................

(iii) What should you be prepared for if local transport couldn't take you to your destination?

**(1)**

........................................................................................................................................................................

**(Total for Question 6 = 5 marks)**

**TOTAL FOR SECTION A = 28 MARKS**

DO NOT WRITE IN THIS AREA
DO NOT WRITE IN THIS AREA
DO NOT WRITE IN THIS AREA

**SECTION B**

## نازیہ کی چھٹیاں

**7** مندرجہ ذیل عبارت کو پڑھیے۔

پچھلے مہینے میں اسکول کی چھٹیوں میں اپنے گھر والوں کے ساتھ پاکستان گئی۔ ہم جاتے ہوئے تین دن کے لیے دبئ میں بھی ٹھہرے۔ دبئ کا موسم بہت گرم تھا لیکن وہاں کے ہوٹل بہت آرام دہ تھے۔ تین دن کے بعد ہم پاکستان پہنچے اور کراچی میں دو ہفتے اپنے ماموں کے گھر ٹھہرے۔ ماموں نے ہمیں سمندر کی سیر کرائی اور ہم نےایک بڑے اور مشہور ریسٹورنٹ میں کھانا کھایا۔ اس ریسٹورنٹ میں مشہور لوگ بھی کھانا کھانے آتے ہیں اور ہم نے ان کے ساتھ بہت سی تصویریں بھی لیں۔

DO NOT WRITE IN THIS AREA DO NOT WRITE IN THIS AREA DO NOT WRITE IN THIS AREA

درست جواب پر ☒ کا نشان لگائیے۔

**مثال:** نازیہ کب گئی؟

| | |
|---|---|
| ☐ | **A** پچھلے سال |
| ☐ | **B** پچھلے ہفتے |
| ☒ | **C** پچھلے مہینے |
| ☐ | **D** پچھلے دنوں |

(i) نازیہ جاتے ہوئے دبئی میں ۔۔۔۔۔ دن ٹھہری۔

| | |
|---|---|
| ☐ | **A** پانچ |
| ☐ | **B** تین |
| ☐ | **C** دس |
| ☐ | **D** چودہ |

(ii) دبئی میں بہت ۔۔۔۔۔ تھی

| | |
|---|---|
| ☐ | **A** سردی |
| ☐ | **B** بارش |
| ☐ | **C** دھند |
| ☐ | **D** گرمی |

DO NOT WRITE IN THIS AREA DO NOT WRITE IN THIS AREA DO NOT WRITE IN THIS AREA

(iii) نازیہ کو دبئی کا ہوٹل ۔۔۔۔۔۔

| | |
|---|---|
| ☒ | **A** بہت پسند آیا |
| ☒ | **B** عجیب لگا |
| ☒ | **C** پسند نہیں آیا |
| ☒ | **D** بہت برا لگا |

(iv) نازیہ نے کراچی میں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کی سیر کی۔

| | |
|---|---|
| ☒ | **A** سمندر |
| ☒ | **B** عجائب گھر |
| ☒ | **C** چڑیا گھر |
| ☒ | **D** دریا |

(v) نازیہ نے مشہور لوگوں کے ساتھ مل کر ۔۔۔۔۔

| | |
|---|---|
| ☒ | **A** کھانا کھایا |
| ☒ | **B** فلمیں دیکھیں |
| ☒ | **C** تصویریں لیں |
| ☒ | **D** کام کیا |

**(Total for Question 7 = 5 marks)**

DO NOT WRITE IN THIS AREA DO NOT WRITE IN THIS AREA DO NOT WRITE IN THIS AREA

## پھلوں کی اہمیت

**8** ایک ویب سائیٹ پر پھلوں سے متعلق دی گئی معلومات پڑھیے۔

| | |
|---|---|
| **سیب:** | اس پھل کو چھلکے سمیت کھانا زیادہ مفید ہے۔ کہا جاتا ہے روزانہ ایک سیب کھائیں اور ڈاکٹر کو بھول جائیں۔ مضبوط دانتوں والے اسے کھا سکتے ہیں۔ |
| **آم:** | اسے پھلوں کا بادشاہ بھی کہا جاتا ہے۔ جتنی زیادہ گرمی ہو، یہ اتنا ہی میٹھا اور جلدی پکتا ہے۔ یہ پاکستان کا قومی پھل بھی ہے۔ اس کا اچار بھی ڈالا جاتا ہے۔ |
| **کیلا:** | یہ پھل سارا سال اگایا جا سکتا ہے۔ اسے کھانا بہت آسان ہے اور انار کی طرح کاٹنا بھی نہیں پڑتا۔ |
| **انار:** | اسے کھانے کے لیے کاٹنا پڑتا ہے اور اس کا چھلکا نہیں کھایا جاتا۔ اس کے دانے سرخ یا سفید ہوتے ہیں۔ بیماروں کے لیے یہ بہت اچھا پھل سمجھا جاتا ہے۔ |

**سیب، آم، کیلا اور انار میں سے صحیح پھل کا نام خالی جگہ پر لکھیں۔ آپ ایک پھل کا نام ایک سے زیادہ مرتبہ بھی استعمال کر سکتے ہیں۔**

**مثال:** اسے کھانے کے لیے مضبوط دانت ضروری ہیں ـــسیبـــ۔

(a) اس پھل کو سارا سال اگایا جا سکتا ہے.................. **(1)**

(b) اسے کاٹ کر کھانا ضروری ہے.................. **(1)**

(c) اس کا چھلکا بھی کھایا جاتا ہے.................. **(1)**

(d) اسے کھانا بہت آسان ہے.................. **(1)**

(e) یہ پھلوں کا بادشاہ کہلاتا ہے.................. **(1)**

**(Total for Question 8 = 5 marks)**

DO NOT WRITE IN THIS AREA



P 6 0 2 9 4 A 0 1 5 2 0

## بچوں کا عالمی دن

**9** اُردو اخبار میں دیے گئےاس مضمون کو پڑھیے۔

بیس نومبر کو ہر سال بچوں کاعالمی دن منایا جاتاہے۔ اس دن کو منانے کا بنیادی مقصد یہ ہے کہ بچوں کی تعلیم،صحت، تفریح اور ذہنی تربیت کے حوالے سے لوگوں میں شعور اُجاگر کیا جائے۔ اس طرح دنیا بھر کے بچے مستقبل میں معاشرے کے مفید شہری بن سکیں گے۔

یہ کہنا غلط نہ ہو گا دنیا کے ترقی پذیر ممالک کے بچے اکثر صحت، تعلیم اور تفریح کی سہولتوں سے محروم رہتے ہیں جبکہ ترقی یافتہ ممالک کے بچے نسبتاً بہتر زندگی گزارتے ہیں۔ بچوں کی ابتدائی زندگی میں یہ واضح فرق بہت افسوس ناک بات ہے۔

پاکستان میں بھی بچوں کا عالمی دن روایتی جوش وخروش سے منایا جاتا ہے۔مثال کے طور پر چھوٹے بچوں سے مشقت لینے پر اخبارات، ریڈیو، ٹی وی اور مختلف پروگراموں کے ذریعے بچوں کے حوالے سے ان کی بہتری کے لئے غوروفکر کیاجاتاہے۔

بچوں کی تعلیم چھوڑنے کی ایک وجہ تو یہ ہے کہ سکولوں میں سختی سے کام لیا جاتا ہے۔ دوسری وجہ یہ ہے کہ کچھ بچے ایسے ہیں جن کے گھریلو حالات اس بات کی اجازت نہیں دیتے کہ وہ پڑھ لکھ سکیں۔ حالانکہ ان میں ایسے بچے بھی موجود ہیں جو بڑی صلاحیتوں کے مالک ہیں۔


P60294A01620
DO NOT WRITE IN THIS AREA

نیچے دیے گئے سوالوں کا جواب اردو میں لکھیے۔ مکمل جملے لکھنا ضروری نہیں۔

(a) بچوں کا عالمی دن ہر سال کس تاریخ کو منایا جاتا ہے؟ **(1)**

.......................................................................................................................................

(b) بچوں کا عالمی دن کیوں منایا جاتا ہے؟ **(1)**

.......................................................................................................................................

(c) کن ممالک میں بچے بنیادی سہولتوں سے محروم رہتے ہیں؟ **(1)**

.......................................................................................................................................

(d) بچوں کی سکول نہ جانے کی کونسی دو وجوہات ہیں؟ **(2)**

.......................................................................................................................................

.......................................................................................................................................

**(Total for Question 9 = 5 marks)**

**TOTAL FOR SECTION B = 15 MARKS**

DO NOT WRITE IN THIS AREA
DO NOT WRITE IN THIS AREA
DO NOT WRITE IN THIS AREA

## SECTION C

### Translation

**10** Translate this passage **into English**.

لاہور دنیا کے قدیم شہروں میں سے ایک ہےاور یہ پاکستان کا دوسرا بڑا شہر ہے۔ لاہور پاکستان کا ثقافتی اور تاریخی مرکز ہےاسی لیے لوگ اسے پاکستان کا دل بھی کہتے ہیں۔ موجودہ لاہور بہت پھیل چکا ہے اور یہاں کی آبادی میں بھی بہت اضافہ ہوا ہے۔ مغلیہ دور میں اسے باغوں کا شہر بھی کہا جاتا تھا۔

..............................................................................................................................

..............................................................................................................................

..............................................................................................................................

..............................................................................................................................

..............................................................................................................................

..............................................................................................................................

..............................................................................................................................

..............................................................................................................................

..............................................................................................................................

..............................................................................................................................

..............................................................................................................................

..............................................................................................................................

..............................................................................................................................

**(Total for Question 10 = 7 marks)**

**TOTAL FOR SECTION C = 7 MARKS**
**TOTAL FOR PAPER = 50 MARKS**

DO NOT WRITE IN THIS AREA DO NOT WRITE IN THIS AREA DO NOT WRITE IN THIS AREA

DO NOT WRITE IN THIS AREA

DO NOT WRITE IN THIS AREA

DO NOT WRITE IN THIS AREA

**BLANK PAGE**



P 6 0 2 9 4 A 0 1 9 2 0

**BLANK PAGE**

**Source information:**

پیر و مرشد-کنہیا لال کپور سے اقتباس
Sourced from: https://www.rekhta.org/articles/peer-o-murshid-kanhaiyaa-laal-kapuur-articles?lang=ur

بچوں کا عالمی دن
Source from: https://www.nawaiwaqt.com.pk/21-Nov-2012/146650





DO NOT WRITE IN THIS AREA DO NOT WRITE IN THIS AREA DO NOT WRITE IN THIS AREA